© rasailojaraid.com

اسلام نامہ : ازجناب سلم الحریری : تقطیع کلاں، ضخامت ۲۲۴ صفحات -
کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد پانچ روپیہ: پتہ:- انجمن اسلام نامہ، سدانند بازار، بنارس (یوپی)

حفیظ جالندھری کے شاہنامۂ اسلام کی اشاعت کے بعد سے متعدد شعراء کو اسلام کی منظوم تاریخ لکھنے کی طرف توجہ ہوئی اور اس سلسلہ میں اب تک متعدد کتابیں ہماری نظر سے گذر چکی ہیں، زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے، اس میں حمد و نعت اور خلفائے اربعہ کی منقبت کے بعد تخلیقِ آدمؑ و آفرینشِ عالم حضرت نوحؑ، حضرت ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ کے واقعات و حالاتِ زندگی جو قرآن مجید میں مذکور ہیں اُن کو بڑی تفصیل اور وضاحت سے بیان کرنے کے بعد سرورِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ مقدسہ کے ہجرت تک کے واقعات بیان کئے گئے ہیں، لائق مصنف کی شاعری کا کوئی نمونہ اس سے پہلے نظر سے نہیں گذرا، لیکن اس طویل اور متنوع المباحث نظم کے دیکھنے اور پڑھنے سے اندازہ ہوا کہ اگرچہ زبان و بیان میں اصلاح اور نکھار کی گنجائش ہے لیکن موصوف کو نظم نگاری پر پوری قدرت ہے، طبیعت میں جوش اور ولولہ کے ساتھ روانی بھی غضب کی ہے، اس بنا پر یہ پوری نظم موثر اور دلکش ہے، یہ اس لائق ہے کہ مسلمانوں کے خاص خاص اجتماعات و تقریبات میں موقع و محل کے اعتبار سے اس کے بعض حصے ترنم کے ساتھ پڑھے جائیں۔

اخلاق و فلسفۂ اخلاق ← مکمل اور جدید ایڈیشن

ہماری زبان میں اب تک کوئی ایسی کتاب نہیں تھی جس میں ایک طرف علمی اعتبار سے اخلاق کے تمام گوشوں پر مکمل بحث ہو اور دوسری طرف ابوابِ اخلاق کی تشریح علمی نقطۂ نظر سے اس طرح کی گئی ہو کہ اسلام کے مجموعۂ اخلاق کی برتری دوسری ملتوں کے ضابطہائے اخلاق پر ثابت ہوجائے۔

اس کتاب سے یہ کمی پوری ہوگئی ہے اور ایک معیاری کتاب سامنے آگئی ہے، اس ایڈیشن میں بہت کچھ ردّوبدل کیا گیا ہے اور متعدد مباحث نئے سرے سے سامنے آگئے ہیں۔ حجم بھی پہلے سے بہت بڑھ گیا ہے، تالیف:- مولانا محمد حفظ الرحمٰن صاحبؒ۔ صفحات ۵۹۲ بڑی تقطیع۔

قیمت غیر مجلد آٹھ روپے، مجلد نو روپے، **مکتبۂ برہان اُردو بازار جامع مسجد دہلی ۶**

© rasailojaraid.com